کتابخانه جامع
جامعة العلوم
معاونت پژوهش
مرکز جهانی علوم اسلامی

THE CENTER FOR ISLAMIC INTERNATIONAL STUDIES
مرکز جهانی علوم اسلامی
جمهوری اسلامی ایران - قم - ۱۳۵۸

## مدرسه عالی فقه و معارف اسلامی

# ترجمهٔ کتاب «مصونیت قرآن از تحریف»

## تالیف: آیت الله معرفت

## به زبان اردو

### برای دریافت درجهٔ کارشناسی ارشد

### در رشته فقه و معارف اسلامی

**نگارش؛** عارف حسین هندی

**استاد راهنما؛** حجة الاسلام و المسلمین کلب صادق اسدی

**استاد مشاور؛** حجة الاسلام و المسلمین سید کمیل اصغر زیدی

تیر ماه ۱۳۸۵

کتابخانه جامع مرکز جهانی علوم اسلامی
شماره ثبت: ۵۳۸
تاریخ ثبت:

- مسئولیت مطالب مندرج در این پایان نامه به عهدهٔ نویسنده می باشد.
- هرگونه استفاده از این پایان نامه باذکر منبع بلا اشکال است.
- و نشر آن در داخل منوط به اخذ مجوز از مرکز جهانی علوم اسلامی است.

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله رب العالمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین اهدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم غیر المغضوب علیهم و لا الضالین

# انتساب

میں اپنی اس مختصر کوشش کو کائنات کے سردار، دین محمدی کے علمبردار، جانشین حیدر کرار، حجت خدا، فرزند مصطفیٰؐ، دلبند مرتضیٰ، یوسف زہرا(س)، نور چشم مجتبیٰؑ، جگر گوشۂ ائمۂ ہدیٰ حضرت بقیۃ اللہ الاعظم عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کی مقدس بارگاہ میں لڑکھڑاتے قدموں، لرزتے ہاتھوں اور کپکپاتے ہونٹوں کے ساتھ پیش کرتا ہوں، اس امید کے ساتھ کہ شاید آپ کا لطف خاص اس عاصی پرُ معاصی کے شامل حال بھی ہو جائے انشاءاللہ۔

خدایا! ہماری اس مختصر سعی کو قبول فرما اور اس حقیر کاوش کو امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کی خوشنودی کا سبب قرار دے۔

آمین

احقر الکونین

عارف حسین مبارک پوری

حوزۂ علمیہ قم

# تقدیر و تشکر

حمد و ستایش بی پایان خدایی را که به انسان عقل و هوش ( حجّت های درونی ) بخشید و وی را به واسطهٔ پیامبران خود ( حجّت های معنوی) مدد رسانده است.

و درود بیکران بر پیغمبران و رسولان الٰهی با لاخص خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی الله علیه و آله و سلم و ائمهٔ هدیٰ که راه سعادت را برای بشر هموار نموده اند.

و تقدیر و تشکّر از همهٔ دانشمندان ربّا نی که ما را در فهم معارف الٰهی و دینی یاری می دهند و اینجانب بر خود فرض می دانم که از راهنمائ‌ها و ارشادات دانشوران گرانمایه و اساتید معظّم آقایان ،حجّة‌الاسلام و المسلمین آقای کلب صادق اسدی ( بعنوان استاد راهنما) و حجّة الاسلام و المسلین آقای سیّد کمیل اصغر زیدی ( بعنوان استاد مشاور )

همین طور از مساعدت های صمیمانه مسئولین محترم مرکزجهانی علوم اسلامی بویژه مدیریت محترم مدرسهٔ عالی فقه و معارف اسلامی تشکّر وسپاس گذاری نمایم.

توفیق روزافزون همگان را از خداوند علیم و منّان مسئلت می نمایم.

عارف حسین هندی

مدرسهٔ عالی فقه و معارف اسلامی

## چکیدهٔ مطالب

پایان نامهٔ حاضر ترجمه ای است به زبان اردو از کتاب ارزشمند «مصونیت قرآن از تحریف» از دانشمند و محقق معاصر حضرت آیة ا... محمد هادی معرفت (مد ظله)

این کتاب برای رفع شبهات مهمی پیرامون تحریف قرآن (که با کمال تأسف اخیراً از طرف برخی از مزدوران، نوشتجاتی منتشر و در بهم زدن وحدت صفوف مسلمانان به کار گرفته می شود و تهمتهای ناروایی را متوجه مهمترین طایفهٔ مسلمانان: یعنی شیعیان می سازند و به دروغ می گویند: آنان قائل به تحریف قرآن اند، نسبتی که دامن شیعیان از آن پاك و مبرا است) به رشتهٔ تحریر درآمده است.

در این کتاب دانشمند محترم حضرت آیة ا... معرفت با دقت فراوان و قلم سحرآمیز و بیان شیوا و روان و بدور از هرگونه اطاله گوشه ای از مهمترین اتهامات دشمنان اسلام و بدخواهان به اسلام و مسلمانان دربارهٔ قرآن کریم، پرداخته است و هر کدام را با حوصله و مستندات فراوان از منابع مورد قبول اهل سنت و شبهه افکنان پاسخ های قاطع و روشن داده است، که جویندگان حقایق و خوانندگان با انصاف و دارای فکر و اندیشهٔ سالم از مطالعهٔ آن اقناع شده و ناگزیر به پذیرش و قبول آن می شوند.

خلاصه ای از مطالب که در این کتاب ذکر شده است، عنوان آن به قرار زیر می باشد:

در فصل اول: واژهٔ تحریف در لغت و اصطلاح مورد بررسی قرار داده شده است.

در فصل دوم: دلائل بطلان تحریف که در این زمینه روایات بسیار فراوان ذکر نموده است که همگی بر عدم تحریف قرآن دلالت دارند. در فصل سوم: تصریحات برخی از تابناك ترین چهره های درخشان شیعه را نقل نموده است که همهٔ این بزرگان با اجماع و اتفاق نظر احتمال تحریف در کتاب الله را مردود می شمارند.

در فصل چهارم: گواهی های بزرگان اهل سنت را ذکر نموده است که بسیاری از محققان اهل سنت به پاکی و درستی دانشمندان شیعهٔ امامیه در برابر تحریف گواهی داده اند. در فصل پنجم: یاوه گویی های مستشرقان بیگانه را ذکر نموده است و فرموده که اگر مسلمانان حرمت خویش پاس داشته، اتحاد همه جانبهٔ خویش را حفظ کرده بودند، دشمنان خیانت پیشه نمی توانستند از شکاف موجود بهره بردا ری کرده در گسترش آن بکوشند.

در فصل ششم: موضع دانشمندان بزرگ شیعه را در برابر اخباریهای متأخر (که نظریهٔ تحریف مطرح

نموده اند) که همهٔ دانشمندان شیعه احتمال تحریف در کتاب خدا را به کلی مردود می دانند.

در فصل هفتم: تحریف در عهدین و منظور ازتحریف در کتاب های عهدین چیست؟ مورد بررسی قرار گرفته و پاسخ های قاطع داده شده است.

در فصل هشتم: نگاهی گذرا به تاریخ عهدین بیان شده و مؤلف در این فصل حوادث گونا گون و فراوانی را که بر تاریخ عهدین گذشته است آنها را به صورت اجمالی بیان نموده است.

در فصل نهم: مصنف پوره ای از روایات شاذ را منشأ شبهه تحریف می داند که ظاهر بینان اهل سنت (حشویه)بر آن اعتماد نموده اند ،مصنف همه این روایات را بررسی نموده و بر همه آنها خط بطلان کشیده است

در فصل دهم: تحریف نزد اخباریهای متأخر،که گروهی از افراطی (که خود را جزء شیعیان می دانند)نیز مانند همکیشان حشویهٔ خود ،کرامت و تقدس قرآن را مورد تعرض قرار داده اند،و در همین فصل،روایات فصل الخطاب را نقل کرده سپس آنها را نقد نموده است.

در فصل یازدهم: مهمترین دستاویز معتقدان تحریف که نویسندهٔ کتاب فصل الخطاب آنها را به عنوان دلیل یازدهم و دوازدهم قرار داده است،ذکر نموده سپس آنها را مورد بررسی قرار داده که در نتیجه هیچگونه ارتباطی با مسئلهٔ تحریف ندارند.

در فصل دوازدهم: مصنف در این فصل فضیلتهای جانشینان پیغمبر اکرم ﷺ که در قرآن بیان شده است آنها را ذکر نموده که دلائل فراوانی گویای برتری و شرافت آنان است و آیات زیادی بامقام رفیع آنان اشاره دارد.

در فصل سیزدهم: مهمترین کتابهای که در زبان عربی و فارسی نوشته شده اند آنها را معرفی نموده است.

ودر پایان هم منابع را ذکر نموده است.

امیدواریم، با مطالعهٔ این کتاب ،حقیقت جویان و جوانان عزیز در مقابل سمپاشی ها و تهاجم دشمنان و استکبار جهانی،مسلح شده با آگاهی و آمادگی بیشتری به مقابل بر خیزند و نقشه ها شوم آنان را به خود شان بر گردانند و آگاهی کامل و سر افرازی،را ه سازندگی، ترقی وپیشرفت علمی ومعنوی خویش را ادامه دهند.

در آخر،طول عمرو سلامتی مؤلف محترم را از درگاه خداوند منان مسئلت می نماییم.

# فہرست مطالب


پیشگفتار مترجم ........ ۱

مقدمہ ........ ۴

تحریف کی لغوی اور اصطلاحی تعریف ........ ۸

کلمۂ تحریف ........ ۸

تحریف کا اصطلاحی مفہوم ........ ۱۲

۱) معنوی تحریف ........ ۱۲

۲) تحریف موضعی ........ ۱۲

۳) قرائت موضعی ........ ۱۲

۴) لہجہ اور تلفظ میں تحریف ........ ۱۳

۵) کلمات کی تبدیلی کے ذریعہ تحریف ........ ۱۴

۶) کلمات کے اضافہ کے ذریعہ تحریف ........ ۱۴

۷) کمی کے ذریعہ تحریف ........ ۱۵

قرآن مجید میں کلمۂ تحریف ........ ۱۶

شبہۂ تحریف کی رد میں دلیل ........ ۱۹

۱۔عقل کا قطعی اور واضح فیصلہ ..... ۱۹

۲۔قرآن مجید متواتر ہے ..... ۲۱

۳۔قرآن مجید پیغمبر اسلام کا جاودانی معجزہ ہے ..... ۲۳

۴۔قرآن مجید کا محافظ خداوند متعال ہے ..... ۲۷

آیت حفظ میں کلمہ ''ذکر'' ..... ۳۱

ایک اعتراض کا جواب ..... ۳۲

۵۔قرآن کے اندر باطل نہیں آسکتا ..... ۳۳

۶۔روایات کو قرآن مجید کے معیار پر تولنا ..... ۳۴

۷۔تحریف قرآن کی نفی میں اہل بیتؑ کے ارشادات ..... ۳۷

نتیجہ ..... ۴۲

قرآن مجید میں تحریف کی نفی کے سلسلہ میں علمائے شیعہ کے نظریات ..... ۴۴

علمائے اہل سنت کی گواہی ..... ۶۱

غلط تہمتیں ..... ۶۷

ابن طاؤس کا جواب ..... ۶۹

مغربی مستشرقین کی بے ہودہ باتیں ..... ۷۲

اندھی تقلید ..... ۷۷

ایک مختصر تحقیق ..... ۷۷

حدیث کا نقل کرنا اس کی قبولیت کی دلیل نہیں ہے ..... ۷۸

ناشائستہ اور بے بنیاد نسبت ..... ۸۰

اصول کافی کے اندر شک میں ڈالنے والی کوئی بات نہیں ہے ..... ۸۰

متاخر اخباریوں کے مقابلہ میں ہمارا موقف ..... ۸۳

شیعوں کی چار اہم کتابیں ............ ۸۳
تکلیف دہ سادہ لوحی! ............ ۸۵
فصل الخطاب کے خلاف ہنگامہ ............ ۸۸
نظریہ کی تبدیلی یا الفاظ سے کھیل! ............ ۹۱
عہدین میں تحریف ............ ۹۴
عہدین کی کتابوں میں تحریف سے کیا مراد ہے؟ ............ ۹۴
لہجہ میں تحریف ............ ۹۷
تاریخ عہدین پر اجمالی نظر ............ ۹۹
عہد قدیم ............ ۱۰۱
جناب موسیٰ علیہ السلام سے منسوب توریت ............ ۱۰۳
بخت نصر کی وحشیانہ یلغار ............ ۱۰۴
توریت کی سندوں کا سلسلہ منقطع ہے ............ ۱۰۵
چار انجیلوں کے حالات ............ ۱۰۵
جو انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی وہ کیا ہوئی؟ ............ ۱۰۶
گزشتہ اور موجودہ واقعات میں یکسانیت
ظاہری نگاہ رکھنے والے (حشویہ) کے نزدیک تحریف ............ ۱۱۶
۱) آیت رجم! ............ ۱۱۷
۲) آیت رغبت (منہ موڑنا)! ............ ۱۱۹
۳) آیت جہاد ............ ۱۱۹
۴) آیت فراش! ............ ۱۲۰
۵) کیا قرآن مجید میں ۱۰۲۷۰۰۰ حروف ہیں؟ ............ ۱۲۰

۶)حافظین قرآن کے قتل ہو جانے سے قرآن کا ختم ہونا! ۱۲۱
۷)عائشہ کے مصحف میں کچھ اضافات ۱۲۱
۸)سورۂ بینہ کی دو آیتیں! ۱۲۲
۹)دو آیتیں مصحف میں نہیں لکھی گئیں! ۱۲۴
۱۰)سورۂ برائت و سورۂ مسبحات کے مانند دوسرے دو سوروں کا پایا جانا ۱۲۵
۱۱)سورۂ احزاب کا سورۂ بقرہ سے بڑا ہونا ۱۲۶
۱۲)دعائے قنوت ۱۲۷
۱۳)سورۂ برائت کا صرف ایک چوتھائی حصہ باقی بچا ہے ۱۲۸
۱۴)ایک کلمہ کا اضافہ ۱۳۰
۱۵)ایک حرف کی تبدیلی! ۱۳۰
۱۶)بے جا اجتہاد ۱۳۱
۱۷)بے بنیاد نظریہ! ۱۳۳
۱۸)چار غلط کلمے ۱۳۴
۱۹)''ولایت'' نام کا ایک بناوٹی سورہ! ۱۴۱
ایک مختصر تحقیق ۱۴۳
دبستان مذاہب اور اس کے مؤلف کے بارے میں چند باتیں ۱۴۵
یہ مؤلف کون ہے؟ ۱۴۶
۲۰)کتاب ''فرقان'' کا ناگوار حادثہ ۱۴۷
متاخرین اخباریوں کے نزدیک تحریف ۱۵۰
[تحریف سے متعلق روایات کی تحقیق] ۱۵۵
فصل الخطاب کے مؤلف کے نظریات ۱۶۳

## تحریف کا عقیدہ رکھنے والوں کی اہم ترین دلیل ..... ۱۷۶

نوری نے جن کتابوں پر اعتماد کیا ہے وہ نا قابل اعتبار ہیں ..... ۱۷۷

۱) ایک نامعلوم کتابچہ ..... ۱۷۷

[اشعری سے منسوب کتابچہ] ..... ۱۷۷

[نعمانی سے منسوب کتابچہ] ..... ۱۷۸

[سید مرتضیٰ سے منسوب کتابچہ] ..... ۱۷۹

۲) سلیم بن قیس ہلالی کی کتاب "سقیفہ" ..... ۱۷۹

۳) احمد بن محمد سیاری کی کتاب "القراءات" ..... ۱۸۱

۴) ابوالجارود، زیاد بن منذر سرحوب کی تفسیر ..... ۱۸۲

۵) علی بن ابراہیم قمی سے منسوب تفسیر ..... ۱۸۲

۶) علی بن احمد کوفی کی کتاب "استغاثہ" ..... ۱۸۴

۷) طبری کی کتاب "الاحتجاج" ..... ۱۸۴

۸) حضرت امام حسن عسکری - سے منسوب تفسیر ..... ۱۸۶

۹) وہ تفسیریں جن کی سندیں منقطع ہیں ..... ۱۸۷

ایک ہزار ایک حدیث! ..... ۱۹۰

دو سو حدیثوں کی چھان بین ..... ۱۹۱

## قرآن میں پیغمبر اسلامؐ کے جانشینوں کی فضیلت ..... ۲۲۶

خلاصہ: ..... ۲۳۶

## چند کتابوں کا تعارف ..... ۲۴۱

منابع ..... ۲۴۳

## پیشگفتار مترجم

پروردگار عالم قرآن مجید کی عظمت کا اعلان کرتے ہوئے ارشاد فرما رہا ہے کہ: ''انّا نحن نزلنا الذکر و انّا لہ لحافظون''

بے شک اس کو ہم نے ہی نازل کیا ہے اور پھر ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

قرآن مجید کی اس آیت سے یہ واضح ہے کہ پروردگار عالم نے قرآن مجید کو ہر جہت سے محفوظ رکھا ہے۔ اس کے الفاظ کو فصاحت و بلاغت کے ذریعہ کہ کوئی لفظ فصاحت و بلاغت کے خلاف قریب نہ آسکے، اور اس کے معنی کو حقائق و معارف کے ذریعہ تاکہ کسی طرح کی غلط بیانی کا شبہہ پیدا نہ ہو سکے پھر اس مجموعہ کو ہر طرف سے تحریف و ترمیم سے محفوظ بنا دیا تاکہ نہ ایک لفظ کا اضافہ ہو سکے اور نہ کسی طرح کی کمی جس کے اہم ترین دلائل خود پیغمبر اسلامؐ کے زمانہ میں حافظان قرآن کا وجود، سرکار دو عالم کی طرف سے کاتبین قرآن کا تقرر، رہبران اسلام کی طرف سے عمل با القرآن کی دعوت، فقہ اسلامی میں قرآن کی مرجعیت کے علاوہ حدیث ثقلین بہترین ثبوت ہے جس میں امت کی ہدایت کے لئے قرآن مجید اور اس کی وضاحت کے لئے سلسلہ عترت کی بقا کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ اس کے باوجود اگر کوئی شخص اس مقدس کتاب میں کسی طرح کی تحریف یا ترمیم کرنا چاہے تو اسے رسوائیوں کا سامنا کرنا پڑے گا اور قرآن اپنی عظمت کا تحفظ خود کرے گا۔

جیسا کہ صاحب تفسیر کاشف بیان کرتے ہیں کہ ایک وقت تھا جب اسرائیل نے اپنے ریڈیو سے قرآن مجید کو نشر کرنا شروع کیا تھا اور اس میں یہودیوں کے بارے میں نازل ہونے والی آیات میں تحریف شروع کر دی تھی اور بعض سادہ لوح مُلّا اور ضمیر فروش مسلمان حکام بھی اسرائیل کے ہمنوا بن گئے تھے کہ وہ اپنے ریڈیو سے قرآن مجید کو نشر کر رہا ہے، لیکن چند ہی دنوں میں یہ راز فاش ہو گیا اور قرآن کریم کی عظمت محفوظ رہ گئی اور تحریف کرنے والوں کو رسوائیوں کا سامنا کرنا پڑا۔

اگر امداد الٰہی پشت پناہ نہ ہوتی تو مسلمان اس تحریف کو بھی کمال فصاحت و بلاغت قرار دے دیتے اور قرآن کا مفہوم تہ و بالا ہو جاتا۔

واضح رہے کہ دشمنان اسلام کا ایک خطرناک ہتھکنڈہ مسلمانوں کے درمیان مختلف قسم کے شکوک و شبہات اور اختلافات پیدا کرنا ہے۔

لہٰذا تمام علماء و محققین کی یہ شرعی ذمہ داری ہے کہ وہ جہالت اور تعصب پر مبنی نظریات کو رد کر کے اس سلسلہ میں عقلی اور منطقی

پہلوؤں کو اجاگر کریں۔

چنانچہ اس سلسلہ میں شیعوں کے بنیادی اعتقادات پر مشتمل کتابوں کا مطالعہ کرنا اس بیماری سے بچنے میں اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔

مذہب شیعہ اپنے حکیمانہ اور مدلل اعتقادات ونظریات کے لحاظ سے اپنی مثال آپ ہے، چنانچہ جو بھی حق کا متلاشی اپنی دانشوری کا مظاہرہ کرتے ہوئے شیعوں کی اعتقادی کتب کا مطالعہ کرے گا تو وہ یا تو مذہب شیعہ کی تصدیق کرے گا یا کم سے کم اس مذہب کے بارے میں اپنی نفرت وعداوت کا ازالہ کرتے ہوئے اسے ایک سنجیدہ اسلامی مذاہب میں شمار کرے گا۔

چنانچہ تحریف کے نظریہ کی رد میں بزرگان شیعہ نے ہر دور میں گراں قدر کتابیں تحریر فرمائی ہیں، جس کی ایک کڑی یہ کتاب بھی ہے جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

یہ جامع اور معتبر کتاب استاد بزرگوار حضرت آیت اللہ ہادی معرفت ''مدظلہ'' کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

جس میں انھوں نے نہایت مدلل انداز میں تحریف کے نظریہ کو رد کرتے ہوئے اس سے متعلق مختلف شبہات کا جواب بھی دیا ہے۔

اس کتاب کی اہم خصوصیات حسب ذیل ہیں:

۱۔ اس کتاب میں ان تمام شبہات اور اعتراضات کے جوابات دیئے گئے ہیں جو تحریف قرآن سے متعلق شیعوں کے اوپر تھوپے جاتے ہیں۔

۲۔ اپنی بات (نظریہ) کی حقانیت کو ثابت کرنے کے لئے فریقین کی کتابوں کا حوالہ دیا گیا ہے اور کافی حد تک آیات و روایات نیز علمائے فریقین کے نظریات اور بیانات سے استفادہ کیا گیا ہے۔

۳۔ اس کتاب کی تالیف میں جن کتابوں سے مدد لی گئی ہے اگر ان کی فہرست پر نظر ڈالی جائے تو اس سے مؤلف کی دور اندیشی اور محنت شاقہ کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

اس کے علاوہ بھی اس کتاب میں بہت سی دیگر خوبیاں پائی جاتی ہیں جنھیں مدنظر رکھتے ہوئے حقیر نے یہ ارادہ کیا تھا کہ عربی و فارسی سے ناواقف اردوداں تشنگان حق بھی اس کتاب کے بابرکت وجود سے استفادہ کرسکیں، درحقیقت یہ کتاب عربی میں لکھی گئی ہے کہ جس کو حجۃ الاسلام مولانا شہرابی صاحب نے فارسی زبان میں ترجمہ کیا اور اب اسے اردو کے پیکر میں منتقل کیا جارہا ہے۔

یقیناً یہ کتاب اردوداں طبقہ کے لئے تحریف سے متعلق مذہب اہل بیتؑ کے عقیدہ کو سمجھنے میں کافی معاون ثابت ہوگی۔

آخر میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ اس کاوش کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں جن لوگوں نے تعاون کیا ہے ان کا شکریہ ادا کروں،

منجملہ حوزۂ علمیہ کے اہم تعلیمی ادارہ یعنی مرکز جہانی علوم اسلامی کہ جس نے اپنے نظام تعلیم میں تحقیقی مقالات (پایان نامہ) کو بھی شامل کر کے ترجمہ و تحقیق کی طرف طلاب کو ترغیب دلائی ہے اور خاص طور پر جنھوں نے ترجمہ کو پایۂ تکمیل تک پہونچانے میں میری راہنمائی کی ہے اور اپنے مفید مشوروں کے ذریعہ ہمارا تعاون کیا ہے ہم تہ دل سے ان سب کے شکرگزار ہیں، اس سلسلہ میں جناب حجۃ الاسلام والمسلمین جناب مولانا کلب صادق اسدی صاحب اور حجۃ الاسلام والمسلمین جناب مولانا کمیل اصغر زیدی صاحب کا نام قابل ذکر ہے کہ جنھوں نے اپنی متعدد مصروفیات کے باوجود مجھے اپنے قیمتی وقت سے نوازا ہے۔

عارف حسین مبارک پوری

حوزہ علمیہ قم

مدرسۂ عالی فقہ و معارف اسلامی

# مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**الحمد للّٰہ و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ محمد و آلہ الطاھرین.**

اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآن مجید کی طرف تحریف اور اس میں کسی طرح کی تبدیلی کی نسبت دینا اس مقدس کتاب کے ساتھ سراسر زیادتی ہے اور قرآن مجید کی کھلی ہوئی مخالفت ہے کیونکہ خود خداوند عالم نے ہر دور میں اس کی حفاظت اور بقاء کی ضمانت لی ہے، جیسا کہ پروردگار عالم کا ارشاد ہے:

**''انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون''**[1]

''ہم نے ہی اس قرآن کو نازل کیا اور ہم ہی (ہمیشہ کے لئے) اس کی حفاظت کرنے والے ہیں''

قرآن مجید کی طرف اس قسم کی نامعقول اور قدیم تہمتوں کی ابتداء اس وقت سے ہوئی ہے جب سے قرآن مجید کے ابتدائی نسخہ لکھنے والوں کے درمیان اختلاف ہوا ہے، کیونکہ اس زمانہ میں قرآن مجید کی کتابت اور اس کی تعلیم و قرائت کا کافی زور و شور تھا، اور ہر شخص یہی سمجھتا تھا کہ قرآن مجید پڑھنے کا صحیح طریقہ صرف اسی کو معلوم ہے اور اس کے علاوہ تمام لوگ غلط راستہ پر ہیں۔

یہ سلسلہ کافی دنوں تک یونہی چلتا رہا یہاں تک کہ خلیفۂ سوم کا دور آیا جس میں انھوں نے مختلف قسم کے مصحفوں کے بجائے مصحف واحد کی تحریک چلائی لیکن افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ اس کام کی ذمہ داری ایسے لوگوں کے حوالہ کی گئی جن کے اندر اس اہم کام کی لیاقت نہیں پائی جاتی تھی، اسی وجہ سے قرآن مجید کے رسم الخط اور اس کی کتابت میں جو غلطیاں پیدا ہوئیں ان کے نتیجہ میں قرآن مجید کے مختلف نسخوں اور اس اصلی نسخہ کے درمیان اختلاف پیدا ہو گیا جو دار الحکومت ''مدینۂ منورہ'' میں موجود تھا[2]۔

اسی زمانہ میں بعض صحابۂ کرام اور تابعین جیسے ابن عباس، عائشہ اور ابن مسعود وغیرہ اور ان کے مانند دوسرے تابعین کہ جن کی

---

۱۔ سورۂ حجر (۱۵)، آیت ۹.

۲۔ مزید معلومات کے لئے: کتاب التمہید فی علوم القرآن، جلد ۱، ص ۳۴۳ میں رجوع فرمائیں.

تعداد کم نہیں تھی ان کو قرآن مجید کی کتابت اور قرائت کے طرز تعلیم پر اعتراض تھا چنانچہ ان کے اعتراضات اور ان کے اس رویہ سے متعلق کچھ داستانیں اور روایات باقی رہ گئیں تھیں جن کو ظاہری نظر رکھنے والے ''حشویوں'' نے اپنی پوری توانائی کے ساتھ اکٹھا کیا اور انھیں اپنی روائی کتابوں میں نقل کردیا، اور بعد میں اسی چیز کے نتیجہ میں قرآن مجید کے الفاظ وعبارات میں تحریف کے احتمال کا تصور سامنے آیا اور جنھوں نے اس باطل اور بے بنیاد نظریہ کا بازار گرم کیا اور جن کی وجہ سے ان خرافات کو رواج ملا وہ اسلام دشمن طاقتوں کے ملحدانہ اور جاہلانہ منصوبے تھے، جس میں ہمیں بنی امیہ وغیرہ جیسے کم عقل افراد جو اسلام کی عظمت اور قرآن مجید کے مقام ومنزلت کو گھٹانے کا خواب دیکھ رہے تھے پیش پیش نظر آتے ہیں۔

وائے! ہو ایسے لوگوں پر جو یہ باطل اور گھٹیا نظریہ رکھتے ہیں، جیسا کہ خداوند عالم کا ارشاد ہے:

''یریدون لیطفئوا نور اللّٰہ بافواھھم واللّٰہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون''[۱]

''یہ لوگ چاہتے ہیں کہ خدا کے نور کو اپنے منھ سے بجھادیں اور اللہ اپنے نور کو مکمل کرنے والا ہے چاہے یہ بات کفار کو کتنی ہی ناگوار کیوں نہ ہو''

اس سلسلہ میں جن دانشوروں کا یہ خیال ہے کہ یہ روایات سند کے اعتبار سے صحیح ہیں اور قرآن مجید کی تحریف پر واضح دلالت کرتی ہیں، انھوں نے ان روایات کی توجیہ وتاویل کرنے کی فضول کوشش کی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اس طرح کی بعض روایتوں میں ہر طرح کے ضعف کے باوجود انھوں نے ان کو قبول کیا ہے اور انھیں روایات کے مضمون کے مطابق فتویٰ دیا ہے اور جب انھیں ان میں سے بعض روایات کی تاویل کا کوئی راستہ نظر نہیں آیا تو انھیں ایک طرف ڈال دیا، اور اس سلسلہ میں وہ جو آخری بات گڑھ سکے وہ ''نسخ تلاوت'' کا مسئلہ ہے، اگر چہ علم اصول کے قواعد کے مطابق اس نظریہ کی خام خیالی اور اس کا بطلان بالکل واضح ہے۔

''ابن حزم اندلسی'' کا نظریہ ہے کہ جب بوڑھے مرد یا بوڑھی عورت زنا کے مرتکب ہوں تو ان کے سنگسار کرنے کا حکم قرآن مجید سے ماخوذ ہے جس کے لئے انھوں نے اس روایات سے استدلال کیا ہے:

''ابی بن کعب'' نے پوچھا: سورۂ احزاب میں کتنی آیتیں ہیں؟

---

۱۔ سورۂ صف (۶۱) آیت ۸۔

لوگوں نے کہا: ۷۳ یا ۷۴ آیتیں ہیں۔

تو وہ بولے: سورۂ احزاب سورۂ بقرہ کے برابر یا اس سے بھی بڑا تھا آیت رجم بھی سورۂ احزاب کا ایک حصہ تھی اور آیت رجم یہ ہے:

''اذا زنی الشیخ و الشیخه فارجموهما البتة نكالا من الله والله عزیز حکیم''

''جب بوڑھے مرد یا بوڑھی عورت زنا کے مرتکب ہوں تو انھیں ضرور سنگسار کیا جائے یہ الٰہی عذاب اور ان کے گناہوں کی سزا ہے اور خداوند عالم عزیز وحکیم ہے''۔

ابن حزم کا کہنا ہے:

''اس روایت کی سند بالکل صحیح اور واضح ہے کہ جس میں کسی طرح کے شک وشبہہ کی گنجائش نہیں ہے، البتہ اس آیت کے الفاظ وعبارات کی تلاوت منسوخ ہوگئی ہے صرف اس کا حکم اور مفہوم باقی ہے''[1]۔

جن روایات میں دودھ پلانے کے احکام بیان کئے گئے ہیں یعنی کتنی بار دودھ پلانے سے عورت اور بچہ کے درمیان محرمیت پیدا ہو جائے گی ان میں سے وہ عروہ اور عائشہ کی دو روایتوں کے ذریعہ استدلال کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ دونوں روایتیں صحیح ہیں اور یہ دونوں راوی بھی نہایت باعظمت اور موثق ہیں اور کوئی بھی ان دو روایتوں کو ترک نہیں کرسکتا ہے۔

اس کے بعد وہ خود ہی یہ سوال اٹھاتے ہیں کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ پیغمبر اسلام کی رحلت کے بعد قرآن مجید کی کچھ آیتیں کم ہو جائیں؟ کیونکہ یہ چیز اللہ کی مقدس کتاب کے بارے میں ایک جرم کا حکم رکھتی ہے اور پھر خود ہی اس کے جواب میں کہا ہے: صرف ان آیات کا قرآن مجید میں لکھنا باطل ہوا ہے لیکن اس کا مفہوم وحکم اسی طرح باقی ہے جس طرح آیت رجم کا حکم باقی ہے[2]۔

اسی طرح ''محی الدین ابن عربی'' کا کہنا ہے: ''بعض اہل کشف وشہود کا خیال ہے کہ بہت سی ایسی آیات جو نسخ ہوگئی تھیں وہ عثمان کے مصحف سے نکال دی گئی ہیں، جبکہ موجودہ قرآن مجید کے صحیح ہونے کے بارے میں کسی نے کوئی انگلی نہیں اٹھائی ہے''[3]۔

---

۱۔ محلی، جلد (۱۱)، ص ۲۳۔ ابن حزم وہ پہلا شخص ہے جس نے نہایت بے انصافی کے ساتھ شیعۂ امامیہ کے اوپر یہ تہمت لگائی ہے کہ وہ لوگ قرآن مجید میں تحریف کے قائل ہیں اور نہایت ظالمانہ انداز میں ان کی توہین اور مذمت کی ہے جبکہ اس بے بنیاد اور کھوکھلے نظریہ کو خود اس نے قبول کیا ہے لہٰذا وہ زیادہ مذمت کا مستحق ہے۔

۲۔ محلی، جلد (۱۱)، ص ۱۴ و ۱۶۔

۳۔ الکبریت الاحمر فی عقائد الشیخ الاکبر محی الدین عربی، جو کہ ''الیواقیت والجواهر'' کے حاشیہ میں چھپی ہے جلد (۱) ص ۱۳۹، اور دونوں کو شیخ

اسی وجہ سے بعض متاخرین نے بھی ان افسانوی خیالات سے دھوکہ کھا کر گاہ بہ گاہ اس نظریہ کو ذکر کیا ہے[۱]۔

لیکن فقہائے امامیہ نے ان تمام خرافاتی نظریات کو باطل قرار دیا ہے اور ان کے نزدیک ان افسانوی خیالات کی کوئی حیثیت نہیں ہے؛ چنانچہ وہ لوگ ان افسانوی خیالات کے متعلق فقہ وفتواء میں ان کی کسی اہمیت کے قائل نہیں ہیں۔

ہمارا خیال تو یہ تھا کہ اس طرح کے غلط اور بے بنیاد نظریات کو چھیڑا ہی نہ جائے اور اسے اس کے بدیہی بطلان ہی کے حوالے کردیا جائے کیونکہ عقل کے نزدیک اس طرح کے نظریات اور افسانوی خیالات کی کوئی حقیقت نہیں ہے اور قرآن مجید بھی اس طرح کے تمام خرافات اور افسانوں سے پاک ومنزہ ہے، جیسا کہ خداوند عالم کا ارشاد ہے:

''وانہ لکتاب عزیز o لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ تنزیل من حکیم حمید''[۲]

''اور یہ وہ ایک عالی مرتبہ کتاب ہے o جس کے قریب سامنے یا پیچھے کسی طرف سے باطل آ بھی نہیں سکتا ہے یہ خدائے حکیم و حمید کی نازل کی ہوئی کتاب ہے''

لیکن افسوس کہ ادھر کچھ دنوں سے بعض اسلام دشمن طاقتوں کے گماشتوں کی طرف سے کچھ ایسی تحریر منظر عام پر آرہی ہیں جن سے مسلمانوں کے درمیان نفرت کی آگ بھڑکانے کا کام لیا جارہا ہے اور مسلمانوں ایک بڑے فرقہ یعنی شیعوں پر یہ تہمت لگائی جاتی ہے کہ وہ لوگ قرآن مجید میں تحریف کے قائل ہیں، جبکہ یہ ایک ایسی نسبت ہے جس سے شیعوں کا دامن ہمیشہ بالکل پاک وصاف رہا ہے۔

اس لئے ضروری تھا کہ ان بزدلانہ حملوں کے خلاف قیام کیا جائے تاکہ قرآن مجید جیسی مقدس کتاب کا دفاع کیا جاسکے اور اس کے ذریعہ اس طرح کی غلط اور ناروا تہمتوں کے چہرے سے نقاب اتاردی جائے جو اس عظیم اسلامی امت پر لگائی گئی ہے، کہ جس نے ہر دور میں دین اسلام کی پاسبانی کی ہے، اور اپنے پورے وجود کے ساتھ دشمنان اسلام کا مقابلہ کیا ہے۔

خداوند عالم کی بارگاہ میں دعاء ہے کہ وہ اس کار خیر کی تکمیل میں ہماری مدد فرمائے۔ انہ ولی التوفیق۔

---

عبدالوہاب شعرانی نے لکھا ہے وہ یہ قول نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں، لیکن انھوں نے کتاب ''فتوحات مصریہ'' میں کہا ہے کہ دانشوروں کے اجماع کے مطابق صحیح عقیدہ یہ ہے کہ قرآن مجید میں ہرگز کسی طرح کی کوئی کمی واقع نہیں ہوئی ہے۔

۱۔ ہم آئندہ اسے ''ظاہری نظر رکھنے والے اہل سنت کے نزدیک تحریف'' کے عنوان کے تحت تفصیل کے ساتھ بیان کریں گے۔

۲۔ سورۂ فصلت (۴۱)، آیت ۴۱ و ۴۲۔

# تحریف کی لغوی اور اصطلاحی تعریف

## کلمۂ تحریف

لغوی اعتبار سے کلمۂ تحریف کو ''حرف'' کے مادہ سے لیا گیا ہے جو کسی چیز کے کنارہ یا اطراف کے معنی میں ہے، اور ایک چیز کی تحریف کا مطلب یہ ہے کہ اس کو اس کی اصل جگہ سے ہٹا دینا یا اس کو اس کی صحیح سمت سے کسی دوسری طرف موڑ دینا ہے، جیسا کہ ہم قرآن مجید میں پڑھتے رہتے ہیں:

''و من الناس من یعبد اللّٰہ علیٰ حرف فان اصابہ خیر اطمأنّ بہ و ان اصابتہ فتنۃ انقلب علی وجہہ''[۱]

''اور لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو خدا کی عبادت ایک ہی رخ پر اور مشروط طریقہ سے کرتے ہیں کہ اگر ان تک خیر پہونچ گیا تو مطمئن ہو جاتے ہیں اور اگر کوئی مصیبت آپڑی تو دین سے پلٹ جاتے ہیں''

زمخشری نے اس آیت کے ذیل میں یہ کہا ہے کہ:

''یعنی وہ دینی معاملات میں ایک طرف رہتے ہیں اور دینی میدان کے بیچ میں نہیں اُترتے اور قرآن مجید نے ان دورُخے لوگوں کی اُن لوگوں سے تشبیہ دی ہے جو کسی لشکر کے ساتھ کسی ایک گوشے میں ایک طرف چلتے رہتے ہیں اور دور سے جنگی صورت حال کا جائزہ لیتے رہتے ہیں، چنانچہ جب وہ دیکھتے ہیں کہ ان کے ساتھیوں کو کوئی فائدہ پہنچنے والا ہے مثلاً انھیں کامیابی یا مال غنیمت ہاتھ آنے والا ہے تو وہ وہیں رک جاتے ہیں ورنہ بڑی تیزی کے ساتھ میدان سے فرار کرکے کسی گوشہ میں پناہ لیتے ہوئے نظر آتے ہیں''[۲]

اس بناء پر کسی کلام میں تحریف کے معنی یہ ہیں کہ کلام کی تفسیر اس کے ظاہری معنی کے برخلاف کی جائے، یا کسی دلیل اور قرینہ کے بغیر اس کے کوئی اور معنی کرنے کو تحریف کہا جاتا ہے، کیونکہ ہر کلام اپنے الفاظ کی بناوٹ اور اپنی ساخت کے اعتبار سے ایک خاص معنی اور مضمون پر دلالت کرتا ہے، لیکن تحریف کرنے والا اس کے واقعی اور اصل معنی بیان کرنے کے بجائے اس کے کوئی اور دوسرے معنی میں بیان کر دیتا ہے۔

واضح رہے کہ اس قسم کی تحریف کو معنوی تحریف کہا جاتا ہے، یعنی اس کے ظاہری الفاظ اور عبارت میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہوتی

---

۱۔ سورۂ حج (۲۲)، آیت ۱۱۔

۲۔ تفسیر کشاف، زمخشری، جلد (۲) ص ۱۴۶۔